Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 12 Short Questions Preparation

Q1. ہنڈی کی تعریف کریں.

Ans 1: بل آف ایکسچینج غیر ملکی تجارت میں استعمال ہوتی ہے جو کہ اہم دستاویز ہےیہ برآمد کنندہ ، درآمد کنندہ کو حکم دیتا ہے کہ وہ ایک خاص رقم مقرر مدت کے بعد برآمد کنندہ کو یا جس کو برآمد کنندہ کہے یا جس کے پاس یہ بل ہو ادا کرے.

Q2. چارٹر پارٹی کی تعریف کریں.

Ans 1: چارٹر پارٹی ایسی دستاویز ہے جس میں تمام جہاز کو کرائے پر حاصل کرنےکا معاہدہ کیا جاتا ہے مثال کے طور پر

Ans 2: ٹائم چارٹر: اگر جہاز کو مخصوص وقت کے لیے کرائے پر حاصل کیا گیا ہو تو اسے ٹائم چارٹر کہتے ہیں.

Ans 3: سفری چارٹر: اگر جہاز کو کسی خاص سفر کے لیے حاصل کیا گیا ہو تو اسے سفری چارٹر کہتے ہیں.

Q3. غیر ملکی تجارت کی مشکلات بیان کریں

Ans 1: ادائیگی کا مسئلہ

Ans 2: حکومتی پالیسی

Ans 3: زبا ن کا مسئلہ

Ans 4: بھاری ٹیکس

Ans 5: طویل فاصلہ

Q4. فریٹ نوٹ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: جب بل آف لیڈنگ اور میٹ کی رسیدیں جہاز کے کپتان کو پیش کی جاتی ہیں تو جہاز کا کپتان اس کی اچھی طرح پڑتا ل کر کے کرایہ کا بل وغیرہ تیار کرتا ہے جس کو فریٹ نوٹ کہتے ہیں.

Q5. بیچک سے کیا مراد ہے

Ans 1: مال کی ترسیل کے بعد فروخت کنندہ اور برآمد کنندہ ایک دستاویز تیار کرتا ہے جسے بیچک کہتے ہیں. جو کہ مندرجہ زیل ہوتی ہے.

Ans 2: مال کی مقدار

Ans 3: مال کا معیار

Ans 4: مال کا نرخ

Ans 5: مال کی کل قمیت ۔

Q6. تاوان نامہ سے کیا مراد ہے،

Ans 1: تاوان نامہ ایسی دستاویزات جس میں کوئی شخص کسی دوسرے شخص یا ادارے کو مخصوص صورت حال کے پیش نظر پہنچنے والے نقصان کی تلافی کا یقین دلاتا ہے بعض اوقات بل آف لیڈنگ وصول ہونے سے قبل ہی مال بندرگاہ پہنچ جاتا ہے ایسی صورت میں درآمد کنندہ جہاز راں کمپنی کے حق میں تاوان نامہ تحریر کرکے مال حاصل کرلیتا ہے.

Q7. بل آف سائیٹ سے کیا مراد ہے

Ans 1: اگر درآمد کنندہ مال کی تفصیل کسٹم حکام کو راہم نہ کرسکے تو وہ ان سے درخواست کرتا ہے کہ خود مال کا معائنہ کر لیں آیسی تحریر کو بل آف لیڈنگ سائیٹ کہا جاتا ہے. ایسی صورت میں کسٹم حکام درآمد کنندہ کے سامنے مال کا معائنہ کر کے مل آف انٹری مکمل کرتے ہیں.

Q8. سیاہ،سفید اور نیلے رنگ کے بل آف انٹری کی وضاحت کریں.

Ans 1: سیاہ رنگ کا فارم ایسے مال کے لیے استعمال ہوتا ہے جس پر کسٹم ڈیوٹی معاف ہوتی ہے.

Ans 2: نیلے رنگ کا فارم ایسے مال کے لیے استعمال ہوتا ہے جو درآمد کنندہ نے اپنے ہی ملک میں فروخت کرنا ہوتا ہئے

Ans 3: سفید رنگ کا فارم ایسے مال کے لیے استعمال ہوتا ہے جو درآمد کرنے کے بعد دوسرے ملک کو برآمد کرتا ہے.

Q9. بل آف انٹری سے کیا مراد ہے

Ans 1: بندرگاہ پر مال پہنچانے کے بعد درآمد کنندہ یا ایجنٹ مال کی مکمل تفصیل کسٹم حکام کو پیش کرتا ہے جسے بل آف انٹری کہتے ہیں.

Q10. تصدیق نامہ اصلیت سے کیا مراد ہے

Ans 1: تصدیق نامہ اصلیت برآمد کنندہ اس وقت حاصل کرتا ہے جب مختلف ممالک کے مابین ایسے تجارتی معاہدے موجود ہوں جن کی بنا پر ایک دوسرے سے درآمد کردہ اشیاء پر کم درآمدی محصول عائد کیا جاتا ہے یا عائد نہیں کیا جاتا .
